مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات: دفاع پاکستان کونسل کا سربراہی اجلاس

۱۲ جنوری کو پشاور پردہ باغ میں جمعیت علماء اسلام کے پی کے کے زیر اہتمام تحفظ علماء و مدارس کنونشن منعقد ہوا، جس میں جمعیت علماء اسلام کے صوبائی اور مرکزی قائدین نے شرکت کی۔ صوبہ کے پی کے اور فاٹا سے ہزاروں کارکنوں نے شرکت کی۔ اختتامی تقریر حضرت مہتمم صاحب نے فرمائی۔

صدر وفاق المدارس صاحب کی وفات پر دارالعلوم حقانیہ میں تعزیتی ریفرنس

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب ،صدر وفاق المدارس العربیہ و اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کی وفات حسرت آیات پر ایوان شریعت ہال میں تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا، جس میں حضرت شیخ کی مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے قرآنی خوانی اور حدیث خوانی کی گئی۔ حضرت مہتمم صاحب نے تعزیتی خطاب فرمایا اور انکے لازوال ،جدوجہد ،دینی مدارس کے تحفظ اور علمی و تحقیقی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

رابطہ عالم اسلامی کے اجلاسوں میں شرکت

۲۴ اپریل کو اسلام آباد میں رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنزل ڈاکٹر عبدالکریم العیسیٰ کے پاکستان آمد کے اعزاز میں مختلف مذہبی قائدین کی طرف سے تقریبات کا اہتمام کیا گیا ،اس حوالہ سے ایک تقریب کنونشن سنٹر میں منعقد ہوئی جس میں حضرت مہتمم صاحب نے اہم خطاب فرمایا ،اس کنونشن میں راقم بھی شریک تھا۔

اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں تقریب

اس تقریب کا اہتمام صدر بین الاقوامی یونیورسٹی ڈاکٹر یوسف احمد الدرویش نے کیا، جس میں حضرت مہتمم صاحب کے علاوہ دیگر اہم وفاقی وزرا بھی شریک ہوئے اور خطاب فرمایا۔